# Model Sample Paper **SET -2**

Subject: Urdu | Class: 10th | Session:2023-24

Paper: Annual/ Supplementary | Time: 3:00 Hour | Marks:80

Roll No.______________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆براۓ مہربانی اس بات کی تصدیق کرلیں کہ یہ سوال نامہ 5 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں سوالات کی کل تعداد 18 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 5 in number and it contains 18 questions.

☆سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ براۓ مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer book.

☆مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔ اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆براۓ مہرانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔ امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعوی قبول نہیں کیا جاۓ گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆سوال نمبر ایک اور دو معروضی ہیں۔ سوال نمبر ایک چار انتخاب پر مشتمل ہے اور سوال نمبر دو کے لیے کوئی انتخاب نہیں ہے۔۔ ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 & 2 are objective type and carry 1 equal marks.

☆سوال نمبر 3 سے 9 تک بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال دو دو نمبر کے ہیں۔

Question No 3 to 9 are based on Very short answer and carry 2 marks each.

☆سوال نمبر 10 سے 13 تک تفصیلی سوالات پر مشتمل ہیں ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔

Question No 10 to 13 are based long answer type and carry 5 marks each .

☆سوال نمبر 14 سے 16 تک تفصیلی، غیر تدریسی اقتباس اور خالی جگہوں کو پُر کرنے پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال آٹھ آٹھ نمبر کے ہیں؟

Question No 14 to 16 are based on Long answer, Unseen Passage, and fill in the blanks and carry 8 marks each.

☆سوال نمبر 17 سے 18 تک تین تین نمبر کے ہیں۔

Question No 17 to 18 are carry 3 marks each.

☆☆☆☆☆☆☆

**سوال.1** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار- چار جواب دیے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے :- 8x1=8

(i) ’کہکشاں‘ کے معنی کیا ہیں؟

(۱) پہاڑوں کا انبار (۲) ستاروں کا جھُرمُٹ

(۳) نہروں کا ملن (۴) گہرا جنگل

(ii) مرزا غالبؔ کا انتقال کب ہوا؟

(۱) 1917 (۲) 1872

(۳) 1869 (۴) 1850

(iii) بشر نواز کا اصل نام کیا ہے؟

(۱) بشیر احمد خان (۲) بشارت نواز خاں

(۳) بدرالدین بشارت (۴) نواز خاں؛

(iv) ’جاں باز‘ کے کیا معنی ہیں؟

(۱) بہادر (۲) ڈرپوک

(۳) بے وقوف (۴) ان میں کوئی نہیں

(v) ’افواج‘ کا واحد کیا ہے؟

(۱) فوجیں (۲) فوج

(۳) لشکر (۴) افواجیں

(vi) ’کارتوس‘ کس کا ڈراما ہے؟

(۱) حبیب تنویر (۲) احتشام حسین

(۳) امتیاز علی (۴) کرشن چندر

(vii) ’پہاڑ اور گلہری‘ کس کی نظم ہے؟

(۱) اسمٰعیل میرٹھی (۲) اقبالؔ

(۳) افسرؔ میرٹھی (۴) میرؔ

(viii) ’شعور‘ کے معنی کیا ہیں؟

(۱) عقل (۲) بدتمیزی

(۳) بے وقوف (۴) شاعر

سوال.2 مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے جواب اپنی کاپی میں ایک یا دو لفظ میں لکھیں:- 8x1=8

(i) تسبیح کے کیا مطلب ہیں؟

(ii) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

(iii) میر تقی میرؔ کا انتقال کہاں ہوا؟

(iv) ’نمائش‘ کے معنی کیا ہیں؟

(v) لفظ 'ژالہ باری' کے کیا معنی ہیں؟

(vi) 'روح' کا جمع کیا ہے؟

(vii) علامہ اقبال کب پیدا ہوئے؟

(viii) 'یومِ اردو' کس کی یومِ پیدائش پر منایا جاتا ہے؟

سوال.3 'قدم بڑھاؤ دوستو' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2x1=2

سوال.4 لین شو نے خدا کے نام خط میں کیا لکھا؟ 2x1=2

سوال.5 بھیم راؤ کے نام میں امبیڈکر کیوں شامل ہوا؟ 2x1=2

سوال.6 زمین پر مختلف جانداروں کی نشونما کیسے ہوئی؟ 2x1=2

سوال.7 کعبے جانے سے شاعر کو شرم کیوں آتی ہے؟ 2x1=2

سوال.8 کلاس میں بچے کس بات پر حیرت زدہ تھے؟ 2x1=2

سوال.9 تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا؟ 2x1=2

سوال.10 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 5x1=5

ہاں تو پھر ایک وقت آیا جب دنیا سرد پڑ گئی۔ بھاپ اور دوسری گیسیں پانی ہو گئیں۔ جو زیادہ ٹھوس حصّہ تھا، وہ چٹان بن گیا۔ یہ سب ہوا کب؟ آج کل کے عالم زمین کی ساخت سے، چٹانوں اور دھاتوں سے کچھ حساب لگا سکتے ہیں لیکن یہ حساب سنکھ دس سنکھ برس کے بھی آگے نکل جاتا ہے۔ بے چارے آدمی کی کھوپڑی میں سائنس کا یہ حساب سما نہیں سکتا۔ دنیا جب سرد پڑ گئی تو کہیں سے سمندر کی تہ میں زندگی کا بیج پہنچ گیا۔ وہاں وہ پھٹا اور پھلا پھوُلا لاکھوں کروڑوں برس میں طرح طرح کے بھیس بدلے۔

سوال.11 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 5x1=5

(الف)

جو اور کا اونچا بول کرے تو اُس کا بول بھی بالا ہے
اور دے پٹکے تو اُس کو بھی پھر کوئی پٹکنے والا ہے
بے ظُلم وخطا جس ظالم نے مظلوم ذبح کر ڈالا ہے
اُس ظالم کے بھی لوہو کا پھر بہتا ندّی نالا ہے

(ب)

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اُسی خانہ خراب کی سی ہے

سوال.12 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام گھر پر ضروری کام کے لیے چھٹی کی ایک درخواست لکھیے۔ 5x1=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں جانے کے لیے چھٹی کی ایک درخواست لکھیے۔

سوال.13 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک کی حیات و شخصیت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

اسمٰعیل میرٹھی

علامہ اقبالؔ

مرزا غالبؔ

سوال.14 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 8x1=8

دیوالی  میرا گاؤں  میرا استاد  میرا اسکول

سوال.15 مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 2x4=8

<u>ساکت</u> <u>شخصیت</u> <u>رفتار</u> <u>سوانگ</u>

(i) ساری دنیا کی-------------دھیمی پڑ گئی۔

(ii) ان کھلونوں کے سامنے اس کا کاٹھ کا گھوڑا ---------------- بے جان تھا۔

(iii) اس نے بھی اپنے گھوڑے کو ٹانگوں کے بیچ پھنسا کر دوڑنے کا-------------- کیا تھا۔

(iv) وہ بے جان کاٹھ کا گھوڑا اس کی-------------- سے چپک کر رہ گیا تھا۔

سوال.16 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 1x8=8

اِبنِ سینا بخارا کے قریب ایک قصبے میں پیدا ہوئے۔ان کی باقاعدہ تعلیم کی ابتدا6 سال کی عمر میں ہوئی۔ دس سال کی عمر میں قرآن شریف حِفظ کیا۔اس کے بعد ریاضی ،فلسفہ اور فلکیات کی تعلیم ایک مشہور عالم عبداللہ الناتلی سے حاصل کی۔ اِبنِ سینا کو عِلمِ طِب اور تحقیق سے بڑی دلچسپی تھی۔انہوں نے طِب میں بڑی مہارت حاصل کی اور اس علاقے میں ایک قابل حکیم کی حیثیت سے پہچانے جانے لگے۔ایک بار کا واقعہ ہے کہ بخارا کا بادشاہ اتنا بیمار ہو گیا کہ وقت کے تمام طبیبوں نے جواب دے دیا۔ اِبنِ سینا کو بادشاہ کے علاج کی غرض سے طلب کیا گیا۔ اِبنِ سینا نے جی لگا کر ایسا علاج کیا کہ کچھ ہی دنوں میں بادشاہ صحت یاب ہو گیا۔ بادشاہ بہت خوش ہوا۔اس نے انعام کے طور پر ابن سینا کو شاہی کتب خانے کا ناظم مقرر کر دیا۔اس وقت ان کی عمر 16 یا 17 سال تھی۔ابن سینا نے سائنس پر بہت سی کتابیں لکھیں۔اس کے علاوہ علمِ طب پر بھی کتابیں لکھیں جن میں سب سے زیادہ مشہور کتاب 'القانون' ہے۔اس کتاب میں بیماریوں کی تفصیلات،علاج کے نسخے اور اس سلسلے میں اپنے تجربات بیان کیے ہیں۔القانون کی اشاعت کے بعد 600 سال تک اسلامی دنیا ہی نہیں بلکہ یورپ میں بھی طب کی تعلیم ابن سینا کی اسی کتاب سے دی جاتی رہی۔

(i) 'القانون' کس کی کتاب ہے؟

(ii) اِبنِ سینا نے کتنے سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کر لیا تھا؟

(iii) ابن سینا نے ریاضی ،فلسفہ اور فلکیات کی تعلیم کس سے حاصل کی ؟

(iv) شاہی کتب خانے کے ناظم مقرر ہونے کے وقت ابن سینا کی عمر کتنی تھی؟

(v) ابن سینا کی باقاعدہ تعلیم کی ابتدا کب ہوئی ؟

(vi) القانون کتاب سے طب کی تعلیم کتنے سالوں تک دی جاتی رہی؟

(vii) بخارا کے بادشاہ کا علاج کس نے کیا؟

(viii) القانون کتاب میں کیا کیا لکھا ہے؟

سوال.17 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ 1x3=3

ضمیر

اسم

صفت

سوال.18 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ 3x1=3

غزل

نظم

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆